تاریخ کے جھروکوں سے

مہمان نوازی

انتخاب
ابو غضنفر آل محمد

ہشیم بن عدی کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں اپنی ناقہ پر سوار ہو کر سفر کر رہا تھا۔ راستہ میں مجھ کو ایک اعرابی کے خیمہ کے پاس شام ہو گئی۔ میں وہاں اترا اور خیمہ میں گیا۔ اس وقت خیمہ میں گھر والی موجود تھی جب کہ اعرابی کہیں گیا ہوا تھا۔ اس نے کہا تم کون ہو؟ میں نے جواب دیا میں مہمان ہوں۔ اس نے کہا مہمان کا ہمارے یہاں کیا کام؟ اتنا بڑا جنگل پڑا ہے کہیں اور چلے گئے ہوتے۔

اس کے بعد اس عورت نے گیہوں پیسے اور آٹا گوندھ کر روٹی بنائی اور کھانے بیٹھ گئی۔ تھوڑی دیر بعد اس کا شوہر آگیا وہ اپنے ساتھ دودھ لایا تھا اس نے آکر سلام کیا اور دریافت کیا کہ آپ کون ہیں؟ میں نے کہا مہمان! یہ سن کر وہ بہت خوش ہوا اور خوش آمدید کہا۔ پھر ایک بڑا پیالہ بھر کر مجھ کو دودھ پلایا۔ اس کے بعد اس نے مجھ سے کہا کہ معلوم ہوتا ہے آپ نے یہاں آکر کچھ نہیں کھایا اور نہ اس عورت نے کھانے کو دیا ہوگا۔ میں نے کہا واللہ میں نے کچھ نہیں کھایا۔ یہ سن کر وہ عورت کے پاس غصہ میں بھرا ہوا پہنچا اور کہا کہ تیرا برا ہو تو نے خود کھانا کھا لیا اور مہمان کو کچھ نہ کھلایا۔ عورت نے کہا کہ میں کیا کروں میں اپنے پیٹ کا ٹکڑا تیرے مہمان کو کھلاتی۔ اس سے دونوں میں سخت کلامی ہونے لگی اور نتیجہ یہ ہوا کہ اس نے عورت کو مار کر زخمی کر دیا۔ اس کے بعد اس نے چھری اٹھائی اور میری اونٹنی کو ذبح کر دیا۔ میں نے اس سے کہا کہ خدا تجھ کو معاف کرے یہ تم نے کیا کیا؟ اس نے جواب دیا کہ خدا کی قسم میرا مہمان رات کو بھوکا نہیں سو سکتا۔ پھر اس نے لکڑیاں چن کر آگ جلائی اور گوشت پکایا۔ پھر میرے ساتھ بیٹھ کر کھایا اور اپنی عورت کے پاس یہ کہہ کر ڈال دیا کہ خدا تجھ کو رزق نہ دے۔ جب صبح ہوئی تو وہ مجھ کو چھوڑ کر گھر سے نکل گیا۔ میں مغموم بیٹھا رہا۔ جب دوپہر ہو گئی تو وہ گھر لوٹا اس کے ساتھ ایک نہایت خوبصورت اور فربہ اونٹنی تھی۔ اس نے مجھ سے کہا کہ یہ آپ کی ناقہ کے عوض میں ہے۔ پھر اس نے باقی ماندہ گوشت اور ماحضر راستہ کے لئے میرے ساتھ کر دیا۔ میں نے اس سے رخصت ہو کر اپنی راہ لی۔

اس دن بھی مجھے شام ایک دوسرے اعرابی کے خیمہ کے پاس ہو گئی۔ میں سواری سے اترا اور اندر جا کر سلام کیا وہاں بھی عورت موجود تھی۔ مرد کہیں باہر گیا ہوا تھا۔ چنانچہ عورت نے میرے سلام کا جواب دیا اور پوچھا کہ آپ کون ہیں؟ میں نے جواب دیا مہمان ہوں۔ مہمان کا نام سن کر وہ بہت خوش ہوئی اور مہمان کی آمد پر جو رسمی الفاظ کہے جاتے ہیں اس نے ادا کئے۔ اس کے بعد اس عورت نے بھی آٹا پیسا اور گوندھ کر روٹی پکائی اور مسکہ لگا کر میرے سامنے رکھ دیں اور ایک پلیٹ میں تلی ہوئی مرغی رکھ کر میرے سامنے رکھ دی۔ پھر اس نے مجھے کھانے کو کہتے ہوئے کہ آپ ہمیں معذور سمجھئے کہ ہم آپ کی شایان شان خاطر مدارت نہیں کر سکے۔ تھوڑی دیر کے بعد ایک بد شکل اعرابی آیا اور مجھے سلام کیا اور معلوم کیا کہ آپ کون ہیں؟ میں نے جواب دیا کہ مہمان ہوں۔ یہ سن کر اس نے ترش روئی سے کہا کہ مہمان کا یہاں کام کیا؟ اس کے بعد وہ اندر گیا اور عورت سے کھانا طلب کیا۔ عورت نے جواب دیا کہ کھانا تو مہمان کو کھلا چکی ہوں۔ یہ سن کر اس کے شوہر نے کہا میرا کھانا تیرا مہمان کھائے اور میں بھوکا رہوں۔ اس پر بات بڑھ گئی اور مار پیٹ ہونے لگی۔

ہشیم کہتے ہیں یہ منظر دیکھ کر میں کھل کھلا کر ہنسنے لگا۔ ہنسی کی آواز اندر پہنچی۔ آواز سن کر اعرابی باہر آیا اور مجھ سے ہنسی کا سبب دریافت کرنے لگا۔ میں نے اس کو پچھلے اعرابی

بقیہ صفحہ نمبر ۴۸